سوال

تہوار

جواب

مسلمانوں کےلئے تہوار منانے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا مسلمانوں کےلئے یوم جمہوریہ منانا ،جھنڈا لہرانا ، جے ہند کہنا جائز ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ ، أما بعد !ایسے مواقع پر ایک دوسرے کو مبارکباد دینے کا شرعی طور پر کوئی ثبوت نہیں ہے اور نہ ہی ایسا کرنا مسلمانوں کی محترم و نیک شخصیات یعنی سلف صالحین رحمہم اللہ سے ثابت ہے ، جن میں سرِ فہرست صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین ،تابعین ، تبع تابعین واتباعہم شامل ہیں ۔ اور تمام مسلمانوں کوزندگی کے ہر معاملہ میں قرآن وسنت اور سلف صالحین رحمہم اللہ کے معروف طریقہ کے مطابق ہی عمل کرنا چاہیے ، اسی میں خیر ہے ۔ اگر کوئی مسلمان نئے سال اور اس جیسے تہواروں کی مبارکباد دینے یا وصول کرنے کو مسنون سمجھتا ہے تو یہ انتہائی بڑی غلطی ہے ، ایسی صورت میں مبارکباد دینا بدعت اور اسکا جواب دینا بھی جائز نہیں ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی